سورۃ الضحیٰ (93)

(مکی — کل آیات 11)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَالضُّحٰی (1)

دن کی روشنی کی قسم ہے۔

وَاللَّیۡلِ اِذَا سَجٰی (2)

اور رات کی جب وہ چھا جائے۔

مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی (3)

آپ کے رب نے نہ آپ کو چھوڑا ہے اور نہ بیزار ہوا ہے۔

وَلَلۡاٰخِرَۃُ خَیۡرٌ لَّکَ مِنَ الۡاُوۡلٰی (4)

اور البتہ آخرت آپ کے لیے دنیا سے بہتر ہے۔

وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰی (5)

اور آپ کا رب آپ کو (اتنا) دے گا کہ آپ خوش ہو جائیں گے۔

اَلَمۡ یَجِدۡکَ یَتِیۡمًا فَاٰوٰی (6)

کیا اس نے آپ کو یتیم نہیں پایا تھا پھر جگہ دی۔

وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَهَدٰی (7)

اور آپ کو (شریعت سے) بے خبر پایا پھر (شریعت کا) راستہ بتایا۔

وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغۡنٰی (8)

اور اس نے آپ کو تنگدست پایا پھر غنی کر دیا۔

فَاَمَّا الۡيَتِيۡمَ فَلَا تَقۡهَرۡ (9)

پھر یتیم کو دبایا نہ کرو۔

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنۡهَرۡ (10)

اور سائل کو جھڑکا نہ کرو۔

وَاَمَّا بِنِعۡمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثۡ (11)

اور ہر حال میں اپنے رب کے احسان کا ذکر کیا کرو۔